CAREERINDIA

**SET-4**

**Series GBM**

**Code No. 30**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

www.careerindia.com

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

وقت : ۳ گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

*Time allowed : 3 hours*　　　　*Maximum Marks : 100*

CAREERINDIA

1۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے ۔ 10

"حکومت نے ملک کے چوٹی کے سائنٹسٹوں کو جمع کیا اور ان کے سامنے یہ مسئلہ رکھا کہ اگر اس مُلک کو تباہی سے بچانا ہے تو مُلک میں دولت کی اس بیہودہ تقسیم کو ختم کرنا ہی ہوگا۔ دولت تو کمانے کی چیز ہے جو پڑی مِل جائے وہ بھی ایک ہی وقت میں سب کو مل جائے اسے خدا کا عذاب کہا جائے گا، دولت نہیں۔ سائنس دانوں نے اس سلسلے میں حکومت کے خیال کی تائید کی تو طے پایا کہ کوئی ایسی دوا ایجاد کی جائے جو لوگوں کی راتوں کی نیند چھین لے۔ بڑی عرق ریزی کے بعد سائنس دانوں نے ایک ایسا انجکشن تیار کیا جس کے لگانے سے آدمی کو مہینوں نیند نہ آئے۔"

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) حکومت نے سائنٹسٹوں کو جمع کر کے ان کے سامنے کیا مسئلہ رکھا؟

(iii) خدا کا عذاب کسے کہا گیا ہے اور کیوں؟

(iv) سائنس دانوں نے حکومت کی تائید کر کے کیا طے کیا؟

(v) عرق ریزی کے بعد سائنس دانوں نے کیا کیا؟

**یا**

"گاؤں کی چوپال پر پنچایت لگی۔ پنچ اور سرپنچ سب موجود تھے۔ ہوری اپنے پوتے پوتیوں کے ساتھ بیچ میں بیٹھا تھا، اس کا چہرہ مارے غم کے مرجھایا ہوا تھا۔ اس کی دونوں بہوئیں دوسری عورتوں کے ساتھ کھڑی تھیں، بجو کا کا انتظار تھا۔ آخر دور سے بجو کا خراماں خراماں آتا ہوا دکھائی



www.careerindia.com

CAREERINDIA

دیا۔سب کی نظریں اس کی طرف اُٹھ گئیں۔ جیسے ہی وہ چوپال میں داخل ہوا سب غیر ارادی طور پر اُٹھ کھڑے ہوئے اور ان کے سر تعظیماً جھک گئے۔ ہوری یہ تماشا دیکھ کر کانپ اُٹھا۔ اسے لگا جیسے بجوکا نے سارے گاؤں کے لوگوں کا ضمیر خرید لیا ہے، پنچایت کا انصاف خرید لیا ہے۔ وہ اپنے آپ کو تیز پانی میں بے بس آدمی کی طرح ہاتھ پاؤں مارتا ہوا محسوس کرنے لگا۔''

(i) پنچایت کہاں لگی اور اس میں کون کون تھا؟

(ii) ہوری کے ساتھ کون کون تھا؟ اور وہ کیسا لگ رہا تھا؟

(iii) بجوکا چوپال میں داخل ہوا تو کیا ہوا؟

(iv) وہ منظر دیکھ کر ہوری کو کیسا لگا اور اس نے کیا محسوس کیا؟

(v) ''خراماں خراماں'' کا کیا مطلب ہے۔ اس کو اپنے جملے میں استعمال کیجیے۔

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو (۱۰۰) الفاظ میں جواب لکھیے۔ 5

(i) سفرنامہ کسے کہتے ہیں اور ایک اچھے سفرنامے میں کیا خوبیاں ہونی چاہئیں؟

(ii) ''فسانۂ آزاد'' داستان ہے یا ناول؟ وضاحت کیجیے۔

3۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 10

(i) افسانہ ''میں، وہ''، میں، تم نے زندگی کہاں دیکھی ہے بیٹا، تم کیا سمجھو گے؟ اس جملے کے ذریعے بوڑھا شخص کیا کہنا چاہتا ہے؟

(ii) غالب کی مکتوب نگاری کی خصوصیات کیا ہیں؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iii) 'بجوکا' کسے کہتے ہیں؟ افسانہ نگار نے اس کے ذریعے کیا پیغام دیا ہے؟

(iv) اخترالایمان کو اپنے گاؤں رکڑی کی کیا چیزیں پسند تھیں؟

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

(i) اب بھاگتے ہیں سایہ عشق بُتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے، کچھ آسماں سے ہم

(ii) اوّل شب وہ بزم کی رونق، شمع بھی تھی پروانہ بھی
رات کے آخر ہوتے ہوتے ختم تھا یہ افسانہ بھی

(iii) زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی
شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی

(iv) دل کا وہ حال ہوا ہے غمِ دوراں کے تلے
جیسے اک لاش چٹانوں میں دبا دی جائے

(v) منزل نہ ملی تو قافلوں نے
رستے میں جما لیے ہیں ڈیرے

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(i) شاعر سایۂ عشق بُتاں سے بھاگنے کی بات کیوں کر رہا ہے؟

(ii) اوّل شب بزم کی رونق کیسی تھی اور پھر کیا ہوا؟

(iii) ''سحر بھی ہوگی'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) غمِ دوراں سے شاعر کے دل کا کیا حال ہو گیا؟

(v) شاعر نے رستوں میں ڈیرے کیوں جما لیے؟

**یا**

زندگی سے ڈرتے ہو؟
زندگی تو تم بھی ہو، زندگی تو ہم بھی ہیں
آدمی سے ڈرتے ہو؟
آدمی تو تم بھی ہو، آدمی تو ہم بھی ہیں!
آدمی زباں بھی ہے، آدمی بیاں بھی ہے
اس سے تم نہیں ڈرتے!
حرف اور معنی کے رشتہ ہائے آہن سے، آدمی ہے وابستہ
آدمی کے دامن سے زندگی ہے وابستہ
اس سے تم نہیں ڈرتے!
ان کہی سے ڈرتے ہو!
جو ابھی نہیں آئی، اس گھڑی سے ڈرتے ہو
اس گھڑی کی آمد کی آگہی سے ڈرتے ہو!

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(i) یہ اشعار کس نظم کے ہیں اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) ''آدمی تو تم بھی ہو، آدمی تو ہم بھی ہیں'' کا کیا مطلب ہے؟

(iii) آدمی کس چیز سے وابستہ ہے؟

(iv) آدمی کے دامن سے کیا وابستہ ہے؟

(v) آدمی کس کس چیز سے ڈرتا ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو (۱۰۰) الفاظ میں جواب لکھیے۔ 5

(i) نظم ''یاد نگر'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(ii) ن۔م۔راشد کی نظم نگاری پر نوٹ لکھیے۔

6۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 10

(i) ''مُلکِ بے سحر و شام'' میں شاعر کو اپنی گذشتہ شامیں کیوں یاد آ رہی ہیں؟

(ii) نظم ''وقت کا ترانہ'' میں سردار جعفری نے کیا کہا ہے؟

(iii) آرزو لکھنوی کی غزل کے امتیازات کیا ہیں؟

(iv) مطلع اور مقطع میں کیا فرق ہے۔ اور خود کلامی سے کیا مراد ہے؟

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (۱۰۰) الفاظ میں لکھیے۔ 4

(i) ناول ''بیوہ'' کے اہم کردار کون کون سے ہیں، ان کی عکاسی میں پریم چند کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں؟ وضاحت کیجیے؟

(ii) نرمل ورما نے سیر و سیاحت کے دوران مسافر کی جن کیفیات کا ذکر کیا ہے انھیں اپنے الفاظ میں لکھیے۔



www.careerindia.com

CAREERINDIA

8۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 6

(i) ڈرامے کی تعریف کیجیے اور اس کے اجزائے ترکیبی لکھیے؟

(ii) افسانے کا عنوان ''جنم دن'' کیوں رکھا گیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

(iii) چرویا کوف کو صاحبِ اخلاق انسان کیوں کہا گیا ہے؟

(iv) مصنف کو سائیکل دیکھ کر کیا خیال آیا؟

9۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ 20

(i) اُردو زبان کے آغاز و ارتقا پر ایک مضمون لکھیے

(ii) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کی وضاحت کیجیے

(iii) دبستان دہلی کے ممتاز شاعر میر تقی میؔر کے بارے میں تفصیلی نوٹ لکھیے

(iv) سرسید تحریک کے اغراض و مقاصد کیا تھے؟ تفصیل سے لکھیے

10۔ درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 15

(i) انشائیہ کسے کہتے ہیں۔ اُردو میں اس کے آغاز و ارتقا پر نوٹ لکھیے

(ii) ناول نگاری کی تعریف کرتے ہوئے منشی پریم چند کی ناول نگاری پر تبصرہ کیجیے

(iii) رومانوی تحریک کے زیرِ اثر مہدی افادی کے بارے میں لکھیے

(iv) خودنوشت سوانح نگار کی حیثیت سے اختر الایمان کی خودنوشت سوانح نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

15 5 **11۔** درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

(i) ''اُمراؤ جان ادا'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(a) غزل

(b) سوانح

(c) ناول

(ii) انشائیہ ''مچھر'' کا مصنف کون ہے؟

(a) سُریندر پرکاش

(b) خواجہ حسن نظامی

(c) پطرس بخاری

(iii) ''غالب جدید شعرا کی ایک مجلس میں'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(a) سفرنامہ

(b) طنز و مزاح

(c) شاعری

(iv) جس صنف میں کسی کی تعریف بیان کی گئی ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟

(a) مرثیہ

(b) قصیدہ

(c) رپورتاژ

(v) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مقطع

(b) بیت الغزل

(c) مطلع

www.careerindia.com